بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

ذکروفکر

موجودہ حالات میں ہر صاحب ایمان کا دل خون کے آنسو رو رہا ہے اور ہر صاحب عقل کا دماغ پریشان ہے، عوام وخواص بے چینی و بے قراری محسوس کررہے ہیں، اللہ تعالیٰ ہمارے حال پر کرم فرمائے، حالات جیسے بھی ہوں مومن کی شان یہ ہے کہ وہ ہر حال میں حق تعالیٰ شانہٗ کی طرف متوجہ رہتا ہے اور احکامِ خداوندی کی خلاف ورزی کرکے عذابِ الٰہی کو دعوت نہیں دیتا؛ بلکہ ہر حال میں احکامِ شریعت اور طریقۂ سنت کے مطابق زندگی گزارنے کی فکر و کوشش کرتا رہتا ہے؛ چناں چہ موجودہ مشکل حالات میں ہم سب کو چاہیے کہ سچے دل سے اپنے گناہوں سے توبہ کریں اور عقائد صحیحہ، اعمالِ صالحہ اور اخلاقِ فاضلہ کے ساتھ صبح وشام مسنون دعائیں اور مجرب اذکار پڑھنے کا اہتمام رکھیں۔

- ★ أعوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ (تین مرتبہ)
- ★ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْئٌ فِی الْأَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ (تین مرتبہ)
- ★ أَللّٰهُمَّ أَرِنَا الْحَقَّ حَقًّا وَّارْزُقْنَا اتِّبَاعَهٗ وَالْبَاطِلَ بَاطِلًا وَّارْزُقْنَا اجْتِنَابَهٗ
- ★ أَللّٰهُمَّ انْصُرْ مَنْ نَّصَرَ دِیْنَ مُحَمَّدٍ ﷺ وَاجْعَلْنَا مِنْهُمْ وَاخْذُلْ مَنْ خَذَلَ دِیْنَ مُحَمَّدٍ ﷺ وَلَا تَجْعَلْنَا مِنْهُمْ
- ★ لَآ إِلٰهَ إِلَّآ أَنْتَ سُبْحَانَکَ إِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ (سو مرتبہ)
- ★ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ عَلَی اللّٰهِ تَوَکَّلْنَا (سو مرتبہ)
- ★ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ (سو مرتبہ)
- ★ أَللّٰهُمَّ إِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِکَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ
- ★ أَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَآمِنْ رَوْعَاتِنَا
- ★ أَللّٰهُمَّ اکْفِنَاهُمْ بِمَا شِئْتَ
- ★ یَا مَالِکَ یَوْمِ الدِّیْنِ! إِیَّاکَ نَعْبُدُ وَإِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ
- ★ کم از کم بعد فجر ومغرب سورہ اخلاص، سورہ فلق، سورہ ناس تین، تین مرتبہ۔ ہر فرض نماز کے بعد آیۃ الکرسی ایک مرتبہ اور تسبیحاتِ فاطمی کی پابندی رکھنا مستحب ہے۔ ظاہری وباطنی طہارت، پنج وقتہ نماز اور مسنون دعاؤں کا اہتمام۔ روزے اور زکاۃ وصدقات کا التزام رکھنے کے ساتھ ساتھ کفر وشرک، الحاد وزندقہ، نفاق وبدعت، جہالت وحماقت اور شرارت وخباثت کے اقوال وافعال اور اعمال و احوال سے پورے طور پر اجتناب واحتراز لازم وضروری ہے؛ ورنہ نیکی برباد گناہ لازم کا مصداق ہوگا، جیسے دوا اور زہر کو جمع نہیں کیا جاسکتا ایسے ہی دین اور بددینی کو بھی جمع نہیں کیا جاسکتا۔ ۱۴۴۱/۸/۳ھ / ۲۰۲۰/۳/۲۹

مجلس اہل اسلام آگرہ